اس مذکورہ بالا عمل کا ثواب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ مقدسہ مطہرہ میں ہدیۂ تحفتاً پیش کریں اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت خواجہ خضر علیہ السلام اور جمع ارواحِ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کلام کا ثواب بخشیں۔ چند روز میں ستارہ قسمت بالائے عرش چمکتا ہوا نظر آئے گا اور سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت باسعادت سے مشرف ہوں گے۔ روزانہ ورد کرنے والے کو حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کی زیارت بھی نصیب ہوا کرے گی اور دست غیب بھی حاصل ہوا کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور دین و دنیا کی تنگدستی فراخی میں بدل جائے گی۔ تھوڑے عرصہ کے اندر اللہ تعالیٰ غربت سے نجات دے کر غنی فرما دے گا اور ہر قسم کی مشکلات سے نجات کا ذریعہ بن جائے گا۔ جو بچے بچیاں گھروں میں جہیز کے بغیر یا کسی اور قسم کی رکاوٹ کے بغیر یا عقد بندی کے سبب سے ان کی شادی نہیں ہوتی اور بوڑھیاں ہو رہی ہیں۔ ان کے والدین کے لیے ایک مجرب اور انمول تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ قرض داری کی لعنت سے جلد ہی نجات مل جائے گی۔ غرضیکہ ہر مشکل میں کام آنے والا قرآنی اور ایمانی تحفہ ہے۔ نماز کی پابندی بہت ضروری ہے کیونکہ نماز کے بغیر کوئی بھی عمل کارآمد نہیں۔ یہ عمل بارہا تجربہ سے گزر چکا ہے۔ دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

بقیہ: نظرات

گا۔ برائے حل المشکلات، ہر قسم کے لیے مولا مشکل کشاء سے مدد مانگیں۔ یہ سنت اولیاء و انبیاء ہے۔ نقش نادِ علی یا دعائے نادِ علی لکھ کر ساعت عطارد میں باپرہیز پاس رکھیں۔ مشکلات حیرت انگیز طور سے دور ہونے لگیں گی۔

قران زہرہ مریخ

اس سعد وقت کی ابتداء 20 اپریل 15 بجکر 12 منٹ، مکمل نظر 22 اپریل 4 بجکر 28 منٹ اور خاتمہ نظر 23 اپریل 21 بجکر 26 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر مرد و زن، زوجین میں صلح صفائی کیلئے نقش سورۃ یوسف لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں یا طالب مطلوب کو پانی یا چائے میں گھول کر پلائیں۔ دیگر درخت انار یا کسی پھلدار درخت سے بھی نقش کو باندھ سکتے ہیں۔ یکساں فیض پائیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تربیع عطارد مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 22 اپریل 8 بجکر 46 منٹ پر ہوگا۔ مکمل نظر 23 اپریل 6 بجکر 2 منٹ اور خاتمہ نظر 24 اپریل 4 بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو زیر و ذلیل کرنا اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ لیل کا خالی البطن نقش ساعت عطارد میں لکھ کر وزن کے نیچے دبائیں یا احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۶۴	۳۹۰۷	۶۸۸
۳۴۱۹	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۴۰
۹۷۶	۱۹۵۲	۲۹۳۱

کشکول جفر

قاعدہ ابو طالبی

از تحریر: محمد قاسم اڈا پکی کوٹھی

قاعدہ ابوطالبی علم اخبار الجفر کا ایک مشہور آفاق مگر مشکل ترین قاعدہ ہے۔ اب تک مطبوعہ قواعد میں سے یہ ایک عظیم قاعدہ ہے مگر اس کے حل کرنے کے قواعد نہایت مشکل اور محنت طلب ہیں۔ اصل مرحلہ سطر مستحصلہ کا حصول ہے۔ جس میں مستحصلہ حتمی کے لیے حروف منسوب الیہ کو بدلنا پڑتا ہے۔ سطر مستحصلہ کا سمجھ آنا عنایت رب العالمین ہے۔ قاعدہ ہذا علامہ شاد گیلانی مرحوم ومغفور کے دور حیات میں متعدد بار صحیفۂ جفر کے نام سے فلکیات کی زینت بن چکا ہے۔ یہ قاعدہ اکیس مختلف طریقوں سے حل ہوتا ہے۔ قاعدہ ہذا مستحصلہ امام الجفر جناب محترم واجب الاحترام بابر سلطان قادری (جو علمائے جفر اور روحانی شخصیات میں اپنا ایک عظیم مقام رکھتے ہیں) نے اپنی کتاب تجلیات جفر میں بھی درج کیا ہے۔ علم جفر کی ایک نایاب فارسی زبان کی کتاب میں بھی یہ قاعدہ ابوطالبی دیکھا جس کا مترجم شدہ قاعدہ استاد محترم حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب سے ملا۔ من وعن عربی زبان میں بھی یہی قاعدہ دیکھا۔ قاعدہ ہذا مستحصلہ ابوطالبی علامہ شاد گیلانی مرحوم رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب بمطابق سرغیب حل شدہ ہے۔ قارئین آئینہ قسمت کافی عرصہ سے یہ بات دیکھی جارہی ہے کہ آئینہ قسمت کے اوراق سے مستحصلہ کا باب ختم ہوتا جارہا ہے۔ اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے مستحصلہ کا باب شروع کیا جارہا ہے۔ جو اس سلسلے میں یہ پہلی کڑی ہے۔ قاعدہ ہذا ابوطالبی میں سطر مستحصلہ کے ابتدائی پانچ حروف مستحصلہ حتمی کو بالتصریح بیان کیا گیا ہے۔ باقی ماندہ حروف مستحصلات حتمی کو اسی طریق پر سمجھیں۔ محترم قارئین اس رسالہ کو سنبھال کر رکھیں۔ اس کے بعد آنے والے رسائل میں علامہ شاد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے قاعدہ ابوطالبی (سرغیب) کو قسط وار سلسلے میں باقاعدہ شرح کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے، جو ایک عظیم جفر ہے۔

بالعلیم: آصف علی زرداری کتنی مدت تک پاکستان کے صدر رہیں گے؟

مدخل کبیر ۳۲۰۰ — مدخل وسیط ۳۲۰ — مدخل اصغر ۳۲ — مدخل صغیر ۳ — حروف صفحہ م وس ع — حاصل الصفحہ ث

نمبر شمار	١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠	٢١	٢٢
اساس	ر	ا	ج	ی	م	ط	ی	ن	ک	ا	ف	ش	ی	ن	ب	ا	ل	ا	م	ج	ی	م
نظیرہ	د	س	ف	خ	ظ	ن	ح	غ	ذ	س	ج	ر	خ	غ	ع	س	ض	س	ط	ف	خ	ظ
نسبت اساس	٢	٣	٣	٤	٤	١	٥	١٠	٢	٨	٢٤	٣	٥	١٠	٢	٣	٣	٤	١٢	٣	٤	٢
نسبت نظیرہ	٦	٢٤	٢٤	٩	٤٥	٣٠	٦	٧	٤٢	٣	٢١	٤٢	٦	٧	٤٢	٢٤	٢٤	٩	٧٢	٢٤	٩	٩
تعدیل نمبر1	٤	٢١	٢١	٥	٤١	٢٩	١	٣	٤٠	٥	٣	٣٩	١	٣	٤٠	٢١	٢١	٥	٦٠	٢١	٥	٧
نسبت اساس ونظیرہ	٦	٦	٢٤	٦	٣٦	٥	٦	٥	١٤	٦	٢٤	٢١	٦	٥	١٤	٦	٢٤	٦	٣٦	٢٤	٦	٣٦
مکس	٦	٢٤	٦	٣٦	٥	٦	٥	١٤	٦	٢٤	٢١	٦	٥	١٤	٦	٢٤	٦	٣٦	٢٤	٦	٣٦	٦
تعدیل نمبر2	١٢	١٨	١٨	٣٠	٣١	١	١	٩	٨	١٨	٣	١٥	١	٩	٨	١٨	١٨	٣٠	١٢	١٨	٣٠	٣٠
تعدیل در تعدیل	٨	٣	٣	٢٥	١٠	٢٨	٢	٦	٣٦	١٣	٦	٢٤	٢	٦	٣٢	٣	٣	٢٥	٤٨	٣	٢٥	٢٣
حروف دور	ح	ج	ج	ذ	ی	ط	ب	د	د	م	د	ت	ب	د	د	ج	ج	ذ	ر	ج	ذ	ث

حرف قوی	ص	د	ش	ز	ط	ظ	ک	ھ	ت	ن	خ	م	ک	ھ	ھ	د	ب	ض	ق	ش	ز	ت
حروف مستحضرہ	ب	ق	ت	ض	غ	ش	ع	ت	ت	ش	غ	ث	ع	ت	ث	ق	ش	ظ	ش	ت	ض	ظ
حروف مستحصلہ	ز	ل	ق	ک	ر	ھ	ت	د	ص	د	ی	ا	د	ق	ک	ع	ھ	ھ	د	ع	م	م
مؤخر صدر	م	ز	م	ل	ع	ق	د	ک	ھ	ر	ھ	ھ	ع	ت	ک	د	ق	ص	د	د	ا	ی
نظیرہ جواب	م	ک	م	ل	ع	ھ	د	ک	ھ	د	ھ	ھ	ب	ت	ک	د	ھ	د	ر	د	ا	ی
	مکمل				عہد (وقت)			کہ		ہو		بہت			دکھ			درد			آئے	

یعنی کہ آصف علی زرداری صاحب اپنی مقررہ مدت پوری کریں گے اور ساتھ ملک پاکستان میں بہت دکھ درد آئیں گے۔ اب تشریح سنئے۔

پہلا حرف متحضرہ ب ہے۔ سطر اساس کے حرف غ سے نسبت دی۔ بعد ابجد قمری ۲ اور بعد جدولی ۵ سے مجموعہ بعدین ۷ حاصل ہوا۔ منسوب الیہ غ خاکی حروف ہے۔ حروف صفحہ میں ہمارے پاس خاکی حرف ع ہے۔ ع اور ب کا بعد ابجد قمری ۱۴ ہوا۔ ۷+۱۴=۲۱ ۷-۱۴=۷ دائرہ انسغ میں عدد سات سے حروف مستحصلات خام میں سے حرف ذ مستحصلہ حتمی حاصل ہوا۔

دوسرا حرف متحضرہ ق ہے سطر نظیرہ کے حرف ف سے نسبت دی۔ بعد ابجد قمری ۲ اور بعد جدولی ۱ سے مجموعہ بعدین ۳ حاصل ہوا۔ منسوب الیہ ف آتشی حرف ہے۔ حروف صفحہ میں ہمارے پاس آتشی حرف م ہے۔ م اور ق کا بعد ابجد قمری ۶ ہوا۔ ۳+۶=۹ ۳-۶=۳ عدد تین سے دائرہ النسغ میں حروف مستحصلات خام میں سے حرف ل مستحصلہ حتمی حاصل ہوا۔

تیسرا حرف متحضرہ ت ہے۔ سطر نظیرہ کے حروف خ سے نسبت دی بعد ابجد قمری ۲ اور بعد جدولی ۱ سے مجموعہ بعدین ۳ حاصل ہوا۔ منسوب الیہ خ خاکی حرف ہے۔ حروف صفحہ میں ہمارے پاس خاکی حرف ع ہے۔ ت اور ع کا بعد ابجد قمری ۶ ہوا۔ ۳+۶=۹ ۳-۶=۳ دائرہ انسغ میں عدد تین سے حروف مستحصلات خام میں سے حرف ق مستحصلہ حتمی حاصل ہوا۔

چوتھا حرف متحضرہ ض ہے۔ سطر اساس کے حرف الف سے نسبت دی بعد ابجد قمری ۳ اور بعد جدولی سے مجموعہ بعدین ۵ حاصل ہوا۔ منسوب الیہ حرف الف آتشی ہے۔ حروف صفحہ میں ہمارے پاس ہم عنصر حرف م ہے۔ م اور ض کا بعد ابجد قمری ۱۳ ہوا۔ ۵+۱۳=۱۸ ۵-۳۱=۸۔ دائرہ انسغ میں عدد آٹھ سے حروف مستحصلات خام میں سے حرف ک مستحصلہ حتمی حاصل ہوا۔

پانچواں حرف متحضرہ غ ہے۔ سطر اساس کے حرف ج سے نسبت دی۔ بعد ابجد قمری ۳ اور بعد جدولی ۳ سے مجموعہ بعدین ۶ حاصل ہوا۔ منسوب الیہ ج آبی حرف ہے۔ حروف صفحہ میں ہمارے پاس ہم عنصر حرف س ہے۔ س اور غ کا بعد ابجد قمری ۱۳ ہے۔ ۶+۱۳=۱۹ ۶-۱۳=۷۔ دائرہ انسغ میں حروف مستحصلات خام میں سے حرف ر مستحصلہ حتمی حاصل ہوا۔

تعزیت

مدینہ جانے والوں کیلئے درود پاک کا خوبصورت کتابچہ مفت ابتک لاکھوں کی تعداد میں تقسیم کرنیوالے حاجی محمد رمضان چشتی کے والد گرامی ثناء خواں مصطفیٰ الحاج حاجی عبدالرشید چشتی بعمر 80 سال، 13 مارچ 2009ء حرکت قلب بند ہونے سے اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم نہایت ملنسار، پارسا شخصیت کے مالک تھے اور اپنے قدیمی علاقہ گوالمنڈی میں ہر ماہ محفل میلاد منعقد کراتے تھے، اپنی مستعار زندگی میں 700 کے قریب محفل میلاد کا انعقاد فرما چکے ہیں۔ مستقبل قریب میں انکی نعت گوئی پر کتاب کی تقریب رونمائی ہونیوالی تھی۔ ہمیں امید ہے کہ یہ فریضہ انکے لائق فرزند حاجی محمد رمضان چشتی ہی اب کرینگے۔ اظہار تعزیت کے لیے C-47، ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور پر رابطہ کریں۔

....

13 مارچ کو ہی معروف گلوکار عنایت حسین بھٹی کے بھائی معروف اداکار و ہدایتکار کیفی بھی انتقال فرما گئے۔ خاندان زنجانیہ کو ان سے بہت عقیدت تھی۔

....

خاندان زنجانیہ اور اراکین ادارہ آئینہ قسمت دونوں خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دعا ہے اللہ انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین) قارئین سے التماس ہے کہ مرحومین کے بلند درجات، روح کے ایصال ثواب کیلئے ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص، اول و آخر درود شریف پڑھ کر فاتحہ خوانی کریں۔ شکریہ

قسط نمبر 1

قائدہ ابوطالبی

ازتحریر: علامہ مفتی طالب حسین کرمانی، چک مغل

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین والہ واصحابہ اجمعین۔ قارئین کرام! یہ قائدہ ابوطالبی محمد بن علی اکبر عطاری تبریزی کی فارسی کی کتاب در علم جفر کا مع اردو ترجمہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ میرے عزیز ماہر علم جفار اس سے ضرور مستفید ہوں گے۔

اس کتاب کے مصنف اسی کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر یوں فرماتے ہیں کہ:

ترجمہ: ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ تقریباً تیس سال سے میں ذکر میں مشغول رہا۔ میں جس آدمی کے پاس جاتا تھا اس سے مجرب ذکر اور کافی اور صرف کافی طلب کرتا تھا۔ ایک دن کسی فقیر کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے باتیں کرنے لگا جن کا نام اسداللہ مسمی حضرت شاہ اولیاء علیہ السلام تھا۔ وہ خاندان مصطفوی علیہ السلام کی نسل سے تھے۔ وہ ایک سچے باصفا محبت آمیز اور باوفا درویش تھے۔ اللہ کی راہ میں سالک تھے، نیز نعمت الٰہی جیسے سلسلہ جلیلہ کے مقابل اساتذہ ہی سے ملاقات کا شرف حاصل کر چکے تھے اور مرشدان کامل کی زیارت کی ہوئی تھی، ریاضتیں کر چکے تھے۔ نیز اکناف و اطراف عالم جیسے خازم اور چین کی سیر کر چکے تھے۔ مرحوم نور علی شاہ سے میں نے ارادتمندی کا اظہار کیا تو دیکھا کہ عجیب مرشد اور نیک استاد ہیں۔ لہٰذا میں نے ان کی پیروی کے لیے خود کو کمربستہ کیا اور اس طرح اس کی خدمت میں رہنے کا فیصلہ کر لیا، اپنے مطلوبہ ذکر کو ان سے طلب کیا تو انہوں نے وعدہ کر لیا اور دو روز بعد دست مبارک سے تحریر کیا کہ شب جمعہ میں نصف اول کے وقت ایک سو مرتبہ صلوات اس کے بعد ایک سو مرتبہ (یا وھاب) ہے اور پھر دوبارہ ایک سو مرتبہ صلوات بھیجے۔ اس کے بعد ایک سو دس مرتبہ اس ذکر کو پڑھے یا قاھر العدو ویا والی الوالی یا مظھر العجائب یا مرتضی علی البتہ ہاتھوں کو کہنیوں تک اوپر کرے اور ہاتھوں کو اونچا کرے، تین شب مسلسل انجام دے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰

س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ترجمہ: قاعدہ اس طرح سے ہے کہ سوال کو عربی میں لکھ کر مداخل اربعہ حاصل کریں اور مداخل اربعہ کے حرف بنا کر درج کیے جائیں۔ اس کے بعد ہر حرف کا نظیرہ ابجدی لیں، حرف کے نیچے لکھ لیا جائے یہاں تک کہ تمام حروف کے نظیرے تحریر کر لیے جائیں۔ اس کے بعد قوائے حروف کے دائرہ کی طرف رجوع کیا جائے۔ اس کے بعد ہر حرف حاصل کے مطلوب کو ان حروف کے نیچے تحریر کر لیں۔ پھر دوبارہ ان حروف قوائے ابجدی کے نظیرے نکالیں اور حروف کو مرکب کر لیں کہ اس طرح جواب حاصل ہو جائے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ترجمہ: سب سے پہلے ضروری ہے کہ سوال کو مختصر طور پر تحریر کریں اور ابجد کے قائدہ کے مطابق سوال کے اعداد حاصل کریں، ابجد کبیر مندرجہ بالا ہے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

ترجمہ: ہمارا مختصر سوال یہ ہے کہ (امام زمان کیست) یعنی امام زمانہ

کون ہیں۔ ابجد کے مطابق اعداد لیے تو ۶۷۰ ہوئے۔ اصطلاحاً اسے عدد کبیر کہتے ہیں۔ اس کے بعد چاہیے کہ سوال کے تمام حروف کے مفرد اعداد لیے جائیں خواہ دہائی ہو، سینکڑہ ہو یا ہزار۔ مثال کے طور پر الف کے ایک میم کے چار س کے دو، ش کے تین اور غین کا ایک عدد لیں۔ جب سوال کے حروف کو قائدہ کے مطابق اعداد میں حاصل کیا تو ۴۰ حاصل ہوئے۔ یہ مجموعے کا مدخل وسیط ہے۔ اگلے مرحلے میں پورے سوال کے حاصل جمع جو مدخل کبیر ہے، کے ہزار کو سینکڑے میں، سینکڑہ کو دہائی میں اس کی دہائی کو اکائی میں اور اس کی اکائی کو اکائی ہی میں حساب کریں تا کہ مدخل وسیط کبیر حاصل ہو جائے۔ ہمارا مدخل کبیر ہے ۶۷۰۔ اس حساب سے ہمارا مدخل وسیط کبیر ۶۷ ہوا۔ ۶۰۰ کو جو سینکڑہ تھا، دہائی میں بدل دیا تو ۶۰ ہو گیا اور اس کی دہائی ۷۰ تھے۔ لہٰذا اسے اکائی میں بدلا تو ۷ ہو گئے۔ مجموعہ ۶۷ ہوا یہ مدخل وسیط کبیر ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہمارا مدخل کبیر میں اکائی بھی ہو تو اس کا حساب کریں گے، یہ ضروری ہے اور پھر مذکورہ طریقے سے عمل ہوگا۔ اس کے بعد مجموعے کے مدخل وسیط کو اکائیوں میں تبدیل کیا جائے گا تا کہ مدخل صغیر ہاتھ آ جائے۔ مجموعے کا مدخل وسیط ۴۰ تھا۔ اسے اکائی میں تبدیل کیا تو ۴ ہو گیا اور اگر ۴۱ ہوتے تو ۵ بنتے۔ ان چار مداخل کو حاصل کرنے کا قائدہ یہی ہے جو بیان کیا گیا اس کے بعد قاعدہ ابجد کے مطابق اعداد کے حروف بنا لیے جائیں جس طرح کہ ہم نے بیان کیا ہے۔

عدد مدخل کبیر	عدد وسیط مجموعی	وسیط	صغیر
۶۷۰	۴۰	۶۷	۴
ع خ	م	ز س	د

جب ان تمام حروف کے مداخل کو جمع کیا تو یہ بنے۔ ع خ م ز س د۔ اس کے بعد ملفوظی طور پر بسط کیا جائے اور قائدہ یہ ہے کہ حروف کو اسی طرح لکھا جائے گا جس طرح کہ وہ تلفظ کیے جاتے ہیں۔ مثلاً ع کو عین لکھا جائے، جب ہم نے مداخل کے حروف کو بسط ملفوظی کیا تو اس طرح ہوئے۔ ع ی ن خ ا م ی م ز ا س ی ن د ا ل۔

یہ سطر جو پہلی سطر ہے، سطر اساس کہلاتی ہے۔ البتہ اس علم کی اصطلاح میں سطر دوم سطر نظیرہ ہے اور عمل اس طریقے پر ہے کہ سطر اساس جو پہلی سطر ہے کہ حرف کو دائرۂ ابجد میں لے جایا جائے اور ان کا نظیرہ لیا جائے۔ دائرۂ ابجد وہی ہے جو دو سطروں میں لکھا جاتا ہے۔ نظیرہ حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر حرف کے پندرہواں حرف اس حرف کا نظیرہ ہے۔ مثلاً الف کا نظیرہ س اور ب کا نظیرہ ع ہے اور اسی طرح آخر تک ن کا نظیرہ غ ہے۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

ترجمہ: تیسری سطر نسبت بین الحروف کی ہے قائدہ اس طرح سے ہے کہ جن حروف کو سطر اساس میں تحریر کیا گیا ہے ان کو اکائیوں میں تبدیل کریں گے۔ لہٰذا سطر اساس کے حرف اول کو سطر اساس ہی کے دوسرے حرف کے ساتھ ملاحظہ کریں گے۔ البتہ ان کے مراتب سے گرا دینے اور اکائیوں میں تبدیل کرنے کے بعد۔

اب اگر ان دونوں حروف کے اعداد متباین ہوں گے تو ایک کو دوسرے سے ضرب دیں گے اور اگر باہم متداخل ہوں گے تو کمترین عدد پر اکتفا کریں گے جبکہ اگر باہم موافق ہوں گے تو ایک کے وفق کو دوسرے سے ضرب دیں گے اور اگر باہم متماثل ہوں گے تو ایک عدد پر اکتفا کریں گے اور اقسام اربعہ میں سے جو حرف بھی حاصل ہوگا اسے سطر اساس کے نیچے ہندسے میں تحریر کریں گے یعنی تیسری سطر کے پہلے خانے میں پس سطر اساس کے تیسرے حرف کے ساتھ سطر اساس کے دوسرے حرف کو ملاحظہ کریں گے اور ان کے مابین نسبت سے جو عدد حاصل ہوگا اسے تیسری سطر کے دوسرے خانے میں تحریر کریں گے۔ بعد ازیں سطر اساس کے تیسرے حرف کو سطر اساس کے چوتھے حرف کے ساتھ ملاحظہ کریں گے اور حاصل شدہ کو تیسری سطر کے تیسرے خانے میں تحریر کریں گے اور سطر اساس کے چوتھے حرف کو اساس کی سطر کے ہی پانچویں حرف کے ساتھ ملاحظہ کریں گے۔ حاصل کو تیسری سطر کے آخر میں ایک حرف رہ جائے گا جو سطر کا آخری حرف ہوگا۔ اس حرف کو اساس کے پہلے حرف کے ساتھ ملاحظہ کریں گے اور حاصل کو تیسری سطر کے آخر میں تحریر کر دیں گے۔

نسبت بین الحروف کو حاصل کرنے میں آسانی کی خاطر صفحہ پر موجود جدول کی جانب رجوع کیا جا سکتا ہے۔ قائدہ یہ ہے کہ سطر اساس کے حرف اول کو سطر اساس کے حرف دوم کے ساتھ ملاحظہ کریں گے۔ انہیں اکائیوں میں تبدیل کر لینے کے بعد افقی اور عمودی ملتقی ایسا خانہ اس کا حاصل ہوگا، لہٰذا اس عدد کو لیں گے۔ مثلاً سطر اساس کا پہلا حرف (ع) اور دوسرا حرف (ی) ہے۔ جدول میں ساتویں افقی سطر اور پہلی عمودی سطر کے حاصل جو ۷ ہے کو تیسری سطر کے پہلے خانے میں تحریر کر دیں گے۔ اسی طرح سطر اساس کا دوسرا حرف (ی) ہے اور سطر اساس کا تیسرا حرف (ن) ہے۔ جدول میں پہلی افقی سطر اور پانچویں عمودی سطر کے مطابق حاصل ۵ ہے۔ لہٰذا اس کو تیسری سطر کے خانہ دوم میں تحریر کریں گے۔ نسبت بین الحروف کی جدول یہ ہے۔

عملیات عشق و محبت

از تحریر: سید علی مقدس نقوی۔ گوئیندکے

اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور محمدؐ و آل محمدؐ پر تحفہ درود و سلام۔ نفسِ مضمون کی طرف آنے سے پہلے عرض کرتا چلوں کہ آئینہ قسمت مارچ **2009**ء کے صفحہ **27** پر میرے مضمون رد سحر میں میرا نام سید علی مقدس نقوی کی بجائے غلطی سے سید مقدس علی نقوی چھپا ہے۔

عصر حاضر میں جہاں دینی بے رغبتی، حقوق و فرائض سے ناآگہی، نیز حسد و بغض کی وجہ سے معاشرہ میں نفرت و بے اعتمادی عروج پر ہے۔ لڑکے اور لڑکیاں اپنے والدین اور بہن بھائیوں سے بے پرواہ نظر آتے ہیں۔ شوہر اپنی بیوی سے محبت کی بجائے دنیاوی محبت میں مبتلا پائے جاتے ہیں۔ نتیجتاً گھریلو جھگڑے، بچوں کی توجہ نہ ملنے کی وجہ سے بچوں کے نفسیاتی امراض اور بے راہ روی مختصر الفاظ میں کہہ لیں کہ جن دو افراد میں محبت ہونی چاہیے ان میں نفرت آجانے سے نہ صرف ان کی بلکہ ان دو افراد سے وابستہ کئی افراد متاثر ہوتے ہیں۔

لہٰذا ضرورت محسوس ہوئی کہ محبت کے موضوع پر نقوش و عملیات لکھیں جائیں۔ یاد رہے کہ صرف جائز امداد میں ان نقوش و عملیات سے فائدہ اٹھائیں۔ ناجائز محبت کے دلدادہ وخواہاں ان نقوش کو لکھنے کی غلطی نہ کریں ورنہ نفع کی بجائے ضرر پائیں گے۔


۷۸۶

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

فلاں بنت فلاں الحب فلاں بن فلاں


نقش نمبر 1: خاوند اپنی بیوی سے اچھا سلوک نہ کرے تو عورت یہ نقش اپنے بازو پر باندھے۔

نقش نمبر 2: یہ نقش بست در بست کا ہے۔ حب کے واسطے لکھ کر گلے میں باندھے۔



الحب فلاں بنت فلاں علیٰ فلاں بن فلاں

نقش نمبر 3: اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو تو یہ تعویذ لکھ کر درخت پر لٹکائیں۔ دونوں میں محبت ہوگی۔



	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط
	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ب	۲	۲	۰	۲	۱۰	۳	۱۲	۲	۱۸
ج	۳	۰	۳	۱۲	۱۵	۳	۲۱	۲۲	۳
د	۲	۲	۱۲	۲	۲۰	۰	۲۸	۲	۳۰
ه	۵	۱۰	۱۵	۲۰	۵	۳۰	۳۵	۲۰	۲۵
و	۰	۳	۳	۰	۳۰	۰	۲۲	۱۲	۰
ز	۷	۱۲	۲۱	۲۸	۳۵	۲۲	۷	۵۰	۳۰
ح	۸	۲	۲۲	۲	۲۰	۱۲	۵۰	۸	۷۲
ط	۹	۱۸	۳	۳۷	۲۵	۰	۳۰	۷۲	۹

ترجمہ چوتھی سطر: یہ ہے کہ سطر نظیرہ کے حروف کو جو دوسرے سطر میں ہیں ایک دوسرے کی نسبت دی جائے اور حاصل نسبت کو سطر اساس میں بتائے گئے طریقے کے مطابق تحریر کریں۔ جدول کے مطابق عمل کریں یعنی بتابن، تداخل، توافق اور تماثل کا لحاظ رکھا جائے۔ مثلاً سطر نظیرہ کا پہلا حرف ب اور دوسرا حرف خ ہے۔ خ کو اکائی میں تبدیل کریں گے تو ۴ ہوگا جدول میں دوسری افقی سطر اور چھٹی عمودی سطر کے مطابق ۳ کا عدد تحریر ہے تو سطر چہارم کے پہلے خانے میں ۳ تحریر کریں گے۔ سطر نظیرہ کا دوسرا حرف خ اور تیسرا حرف غ ہے۔ جدول میں چھٹی افقی سطر میں پہلی عمودی سطر کے مطابق عدد ۶ تحریر ہے، چوتھی سطر کے دوسرے خانے میں تحریر کریں گے۔ اسی طرح آخر تک البتہ سطر نظیرہ کا آخری حرف ض اور سطر نظیرہ ہی کا پہلا حرف ب ہے۔ جدول کی آٹھویں عمودی اور دوسری افقی سطر یا اس کے برعکس دوسری افقی سطر میں اور آٹھویں عمودی سطر کے مطابق ۴ کا عدد ہے۔ لہٰذا چوتھی سطر کے آخری خانے میں عدد ۴ تحریر کریں گے۔ اب ہم مثال کو مزید روشن کرتے ہوئے تیسری سطر اور چوتھی سطر کو حاصل کر کے تحریر کرتے ہیں تاکہ بات بالکل واضح ہو جائے۔

سطر اساس	ع	ی	ن	خ	ا	م	ی	م	ر	ا	س	ی	ن	د	ا	ل
سطر نظیرہ	ب	خ	ع	ی	س	ظ	خ	ظ	ش	س	ل	خ	غ	ص	س	ض
حاصل نسبت	۷	۵	۳۰	۰	۲	۲	۲	۲۸	۷	۰	۰	۵	۲۰	۲	۳	۳۶
حاصل نظیرہ	۳	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۳	۳	۰	۰	۰	۹	۰	۱۲	۲

نوٹ: قائدہ ابو طالبی کئی طریقوں سے حل کیا جاتا ہے۔ مگر یہ طریقہ پندرہ سطروں پر مشتمل ہے۔ انشاء اللہ باقی سطروں کا اردو ترجمہ مع فارسی عبارت کے آئندہ آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

کرشمات الارواح

تسخیر ملکہ عمازوش



ازتحریر: رانا ناصر علی، جھنگ

قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں تسخیر ملکہ عمازوش کا عمل حاضر خدمت ہے۔ محترم قارئین کرام یہ عمل انتہائی اسراری وصدری ہے جوکہ آپ کو دنیا کے کسی عامل کے پاس یا کتاب میں ہرگز نہ ملے گا اور یہ میرا دعویٰ ہے کیونکہ یہ عمل میں نے اپنی ایک روحانی قوت سے بڑی مشکل وتکلیف سہنے کے بعد حاصل کیا تھا اور اب قارئین آئینہ قسمت کے پیار ومحبت کی خاطر آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں، جو لوگ ارواح کے طرح طرح کے عملیات کر کے تھک چکے ہوں اور نتیجہ صفر ہو تو وہ اس عمل کو ایک بار ضرور آزمائیں۔ انشاء اللہ ناکامی نہیں ہوگی۔ محترم قارئین کرام ارواح کے عملیات ایک قاعدے پر عمل کرنے کے بعد ہی کیے جاتے ہیں۔ کچھ شرائط ہوتی ہیں جن میں سب سے بڑی شرط اجازتِ عملیات ہے۔ ایسے عمل کسی باعمل عامل کامل کی نگرانی میں کرنے چاہئیں۔ بغیر اجازت عمل کرنے سے ناکامی ہوتی ہے اور محنت ارکات جاتی ہے۔ وقت علیحدہ برباد ہوتا ہے، اس کے بعد پرہیز کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ حصار و دوسری تمام باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ کیونکہ کسی غیبی طاقت کو مسخر کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے۔ اس کے لیے محنتی و مستقل مزاج ہونا ضروری ہے اور مضبوط قوت ارادی بھی ہو۔ بہر حال یہ موضوع بہت طویل ہے، قارئین کرام ملکہ عمازوش جنات کے بڑے قبیلے ازوش سے تعلق رکھتی ہے اور یہ اپنے قبیلہ کی ایک طاقتور ملکہ ہے۔ اس قبیلہ کی کوئی بھی پری ملکہ عمازوش کے حکم کی نافرمانی نہیں کرسکتی اور جب یہ حاضر ہوتی ہے تو تب بھی اس کے پیچھے پریوں کا لشکر ہوتا ہے۔ تسخیر ہونے کے بعد یہ اپنے مسخر کنندہ کو اپنے قبیلہ کی سیر کرواتی ہے اور مختلف قسم کے تحائف بھی دیتی ہے اور روزانہ کھانے پینے کی اشیاء وخشک میوہ جات بھی لا کر دیتی ہے۔ اس کا عامل خوشحال ہوتا ہے کیونکہ یہ ملکہ عمازوش تسخیر ہونے کے بعد سونا چاندی کے زیورات طلب کرنے پر دیتی ہے۔ اس کے علاوہ ہر کام کرتی ہے، چاہے وہ سات سمندر پار کا ہی کیوں نہ ہو پل بھر میں کرتی ہے۔ حب، بغض، گریختہ کی واپسی، رشتوں کی بندش، توڑوانا، جادو وآسیب دور کروانا، دشمن کو نیست ونابود کروانا نیز انعامی بانڈز ریس ودیگر بین الاقوامی لاٹریوں کے فسٹ وسیکنڈ شرطیہ نمبر بھی بتاتی ہے یہ ملکہ آپ کی بہترین دوست بن کر رہے گی۔ لیکن اس سے ناجائز کام ہرگز نہ لیجیے گا۔ ورنہ شدید نقصان ہوگا۔ تسخیر ہونے کے بعد یہ پراسرار مخفی علوم بھی سکھاتی ہے۔ اس کو مسخر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ لوچندی اتوار سے ترک حیوانات وبدبودار اشیاء کا کرے اور اس دن روزہ رکھے، پھر رات کے بارہ بجے علیحدہ کمرے میں بیٹھے، اپنے سامنے سات رنگ کی مٹھائی اور چند گلاب کے تازہ پھول رکھیں۔ سرخ لباس جو معطر ہو پہنیں، ایک عدد چراغ جس میں روغن چنبیلی ڈالا گیا ہو، روشن کریں، پھر ٹھیک بارہ بجے چراغ کی لو پر نظر رکھ کر عبارت عمل کو سات سو اکہتر مرتبہ پڑھیں، عمل باحصار پڑھیں۔ بخور لوبان واگربتی کا جلائیں۔ سات روز کا عمل ہے۔ امید قوی ہے پہلے ہی دن سے اثرات شروع ہوں گے، نہیں تو تیسرے دن سے لازمی اثرات عمل ظاہر ہوں گے۔ دوران عمل مختلف عورتیں آئیں گی، جو آپ کے سامنے ناچ گانا کریں گے، ان کی ہر ممکن کوشش ہوگی کہ آپ کسی طرح سے عمل چھوڑ کر ان کی طرف متوجہ ہو جائیں، لیکن آپ نے ایسا ہرگز نہیں ہونے دینا ہے، آپ نے اپنا پورا دھیان عمل کی طرف رکھنا ہے، بعض اوقات ایسا ہوگا کہ آپ کے نیچے سے فرش غائب ہے اور آپ اپنے آپ کو برف پر بیٹھا ہوا محسوس کریں گے۔ اس وقت آپ نے ڈرنا نہیں ہے، یہ نظروں کا دھوکا ہوگا۔ ایک دو خوفناک اشکال بھی آئیں گی، جن کا مقصد آپ کو ڈرانا ہوگا لیکن آپ نے ثابت قدم رہنا ہے، کچھ نقصان نہ ہوگا، اس طرح کے اور بھی واقعات ظہور پذیر ہوں گے لیکن آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔ ساتویں رات جب آپ کی تعداد مکمل ہوگی تو ملکہ عمازوش آپ کے سامنے بالمشافہ حاضر ہوگی، جس کا چہرہ نہایت حسین وجمیل ہوگا، سرخ وسفید رنگ ہوگا۔ لال ریشمی لباس زیب تن کیا ہوگا۔ جس پر قیمتی سونے چاندی وجواہرات کے زیورات پہنے ہوں گے۔ اس وقت اس سے تمام معاہدہ کرلیں اور طریقہ حاضری بھی دریافت کرلیں، وہ تمام طریقہ بتا دے گی، اس کے بعد جب بھی کوئی مشکل کام ہو تو کہہ دیں، پل بھر میں انجام دے گی۔ میں نے ہر بات کھول کر بیان کردی ہے۔ آخر میں اتنا عرض کرتا چلوں کہ اس عمل کی اجازت شاہ زنجانی صاحب یا مجھ سے ضرور لیں، کیونکہ بغیر اجازت عمل کرنے سے ناکامی کے ساتھ ساتھ رجعت کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا اجازت ضرور لیں۔ عمل یہ ہے۔

عزمت و اقسمت علیکم یا ملکۃِ عمازوشِ اُحضری اُحضری بِحقِ یا طلماشِ ازباشِ زواشِ وبِحقِ یا ہدُوم یا ہدُوم۔

شرفِ قمر ثاقب اور سلِ جفر

ازتحریر: حکیم منیر احمد میرانی لاڑکانہ

محترم قارئین کرام آئینہ قسمت کی خدمت میں کوئی بھی مشکلات ہو، ان کو حل کرنا قرآن کریم کی ان آیت کے ساتھ حل ہو جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ کے کتاب مقدس قرآن پاک مخلوق خدا کے لیے ہدایت و رہنمائی کا عظیم سرچشمہ ہے۔ قرآن کریم فرقان حمید کی آیات مبارکہ کی تلاوت کرنا جہاں پر باعث رحمت و ثواب ہے۔ وہاں پر ان کے پڑھنے سے بے شمار دینی و دنیوی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ لاتعداد مشکلات کے حل اور حاجات روائی کے لیے بہت ہی خوب ہیں، انہی آیات مبارکہ میں سے ایک آیات مبارکہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ہے۔ کتاب ہذا میں جس آیت مبارکہ کے خواص کو بیان کیا گیا ہے۔ حدیث پاک میں بھی اس آیہ مبارکہ کے خواص کو بیان کیا گیا ہے۔ حدیث پاک میں بھی اسی آیہ مبارکہ کے فوائد کا تذکرہ بڑے شان سے ملتا ہے۔ چنانچہ اس آیت کا (ہمیں اللہ کافی ہے اور وہی سب کام سپرد کرنے کے لیے اچھا ہے۔) ہر رنج و غم اور مشکل کے لیے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنے سے حاجات روا ہو گی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب آگ میں ڈالے گئے تو آخری کلمہ ان کا یہی تھا۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ طفیل ان آیت کے ہر مصیبت و تکلیف دور ہو گی۔ حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے کپڑوں کو ناپاکی سے پاک رکھو اور ہر دم اللہ تعالیٰ کی رضا میں قدم رکھو۔ جب تجھے جن و انس سے کچھ خوف ہو تو پڑھو "حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" تو خوف و تکلیف دور ہو جائیں گے۔ مذکورہ آیت کے کچھ فوائد بیان عرض محترم قارئین کرام! اس آیت کامل بڑی قوت اور طاقت کا مالک ہوتا ہے۔ اس آیت کو عاملین نے نادر مشکلات کا حل بھی رکھا ہے۔ مقصد میں کامیابی کے لیے لوح تمام بڑی قوت رکھتا ہے اور دست غیب کے لیے، دلی مرادوں کے لیے، تسخیر خلائق کے لیے، دشمنوں کے بچاؤ اور عزت و احترام کے لیے لوح مبارک، میاں بیوی میں محبت کے لیے، نصرت و فتح کے لے بڑی طاقت رکھتا ہے۔

اس کو شرف قمر میں تیار کریں۔ مشک و زعفران کو عرق گلاب میں ملا کر سیاہی تیار کریں اور لوح لکھیں۔ دو اعداد ایک لوح کو بازوؤں یا گلی میں باندھو ایک لوح کو درخت پھل دار میں اور اس لوح کے اوپر **110** مرتبہ پڑھ کر استعمال کریں۔ مذکورہ آیت مبارکہ اس لوح کے اجازت سید انتظار حسین شاہ زنجانی یا مجھ عاجز سے اجازت حاصل کریں۔ مزید معلومات کے لیے زنجانی جنتری کا مطالعہ کریں۔

لوح چال ۷۸۶ بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۷۸۶

شمکائیل — یا علی یامیکائیل یا علی

نعم ۴ المولیٰ	ونعم ۸ النصیر	حسبنا اللہ ۱	ونعم الوکیل
ونعم ۲ الوکیل	حسبنا ۱۳ اللہ	ونعم ۱۲ النصیر	نعم ۷ المولیٰ
ونعم ۱۶ النصیر	نعم ۳ المولیٰ	ونعم الوکیل ۶	حسبنا اللہ ۹
حسبنا اللہ ۵	ونعم ۱۰ الوکیل	نعم ۱۵ المولیٰ	ونعم النصیر

یا جبرائیل — یا اسرافیل

یا علی یاعزرائیل یا علی — قطشائیل

بقیہ: انتظار کرو میں بھی

میں ہوا ہے اپنے اپنے دور کے انسانوں پر "نفسِ لوامہ" ہوتا ہے۔

(3) قرآن پاک جیسی مقدس کتاب ہر گھر کی زینت و برکت ہے۔ اسی کے بارے میں ارشادِ ربانی ہو رہا ہے۔ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا۔ (سورت فاطر)۔ ترجمہ: پھر (بعدِ رسولؐ) ہم نے کتاب (قرآن) کا وارث بندوں میں سے مصطفیٰ بندوں کو بنایا۔ نہایت فیصلہ کن آیت ہے۔ سب سے پہلے تو یہ ڈھونڈیے کہ بعدِ رسولِ اکرمؐ وہ کون "عبد" ہیں جنھیں خدا کی نگاہ میں "مصطفیٰ" ہونے کا اعزاز مل رہا ہے؟ دوسرا یہ کہ قرآن آج بھی ہے اور تا قیامت ہوگا۔ اب قرآن ہو اور اس کا وارث نہ ہو تو نعوذ باللہ آیتِ مذکورہ کی حقانیت نہیں رہتی؟ اور جب قرآن بھی ہے اور بقول آیت کے اس کا وارث بھی ہے تو بتاؤ اس کا نام کیا ہے؟ یا میں تمھیں یاد دلاؤں صحاحِ ستہ کی سیر کیجیے، مشکوٰۃ شریف، ترمذی شریف، مسلم شریف، صواعقِ محرقہ، تحفۂ اثنا عشریہ کس کس کتاب کا حوالہ دوں کہ رسولِ اکرمؐ نے بار بار اپنی امت کو وصیت کی کہ میں تمھارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ایک قرآن اور دوسری اہلبیتؑ جو میری عترت ہیں اور یہ حوضِ کوثر تک آپس میں جدا نہیں ہوں گے۔ پھر فرمایا علیؑ قرآن کے ساتھ اور قرآن علیؑ کے ساتھ، یہ دونوں حوضِ کوثر تک آپس میں جدا نہیں ہوں گے۔ آج مسلمانوں کے گھروں میں قرآن مجید تو ہے لیکن عترتِ نبیؐ کہاں ہے؟ رسولِ پاک تو فرما رہے ہیں کہ یہ حوضِ کوثر تک جدا نہیں ہوں گے۔ قرآن ہو اور عترتِ نبیؐ نہ ہو تو کلامِ رسولؐ میں نعوذ باللہ صداقت نہیں رہتی اور صحاحِ ستہ پوری کی پوری مشکوک قرار پاتی ہے اور اگر قرآن بھی ہے اور بقول نبی پاک عترت بھی ہے تو بتاؤ وہ کون ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟ اگر اہلبیتؑ میں بیویاں ہیں تو آج رسولؐ کی کوئی بیوی نہیں ہے۔ جسے قرآن کا دوسرا ثقل قرار دیں؟ اگر اہلبیتؑ میں صحابہ کرامؓ شامل ہیں تو آج کوئی صحابیؓ زندہ نہیں ہے؟ اگر سینے میں انصاف پسند دل ہے تو اہلبیتؑ نبیؐ وہی ہوتے ہیں جو نبیؐ کی عترت ہوں۔ چنانچہ نبیؐ کی عترتؑ میں سے سوائے "امام مہدیؑ" کے اور کوئی نہیں ہے جو کتاب کا وارث بھی ہو اور اس کا دوسرا ثقل بھی ہو۔ یاد کیجیے پہلی قسط میں عرض کیا گیا تھا کہ شبِ قدر ملائکہؑ اور جبرائیلؑ پورے سال کا ہر ہر امر لے کر کس پر نازل ہوتے ہیں؟ قرآنی آیات میں بتایا گیا تھا کہ "اللہ کے اس عبد پر نازل ہوتے ہیں جو اللہ کی مشیت ہوتا ہے وہی عبد وارثِ قرآن بھی ہے اور ثقلِ قرآن بھی ہے۔ جسے امام مہدیؑ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ جس کے بارے میں ابوداؤد اور ترمذی شریف کے حوالہ سے "صواعقِ محرقہ" ص 549 پر حدیثِ نبویؐ ہے کہ اگر دنیا کی عمر میں ایک دن بھی باقی رہ گیا تو اللہ تعالیٰ اسے اتنا لمبا کر دے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس میں میرے اہلبیتؑ میں سے ایک آدمی کو مبعوث فرمائے گا جس کا نام میرے نام سے اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام سے موافقت رکھے گا۔ وہ زمین کو اس طرح عدل و انصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔

بقیہ: پاکستان کی درست---

گے۔ زائچے میں دسواں گھر باپ سے متعلق ہے۔ ملکی اور قومی زائچوں میں دسواں گھر فاؤنڈرز کا ہوتا ہے۔ اس زائچے کے دسویں گھر کا حاکم یورینس دوسرے گھر میں سیارہ مریخ سے حالت قران میں ہے۔ جو آٹھویں اور بارہویں کا حاکم ہے۔ جب کہ دسویں گھر سے شمس، زحل، پلوٹو مقابلے پر ہیں۔ دوسرے اور تیسرے گھر کا حاکم عطارد دسویں گھر کے (Cusp) سے عین مقابلے کی نظر رکھتا ہے۔ لہذا پاکستان اپنے بانی یعنی فادر آف نیشن اور حقیقی قائدین سے بہت جلد محروم ہوگیا۔ مریخ اور نیپچون کے اثرات کی وجہ سے بیوروکریٹ اور فوجی اقتدار پسند سیاست میں آگئے اور انہوں نے باقی ماندہ حقیقی رہنماؤں سے بھی کسی نہ کسی طرح نجات حاصل کر لی۔ دسویں اقتدار کے خانے کا حاکم یورینس اور آٹھویں بارہویں کا حاکم مریخ خانہ مال میں باہم قران کی حالت میں ہے۔ دسویں کا حاکم دوسرے گھر میں ہو تو اقتدار کا مقصد دولت کا حصول ظاہر ہوگا۔ آٹھویں بارہویں کا حاکم مریخ دوسرے گھر میں دسویں کے حاکم کے ساتھ اتحاد رکھتا ہو تو دولت کے حصول میں جائز و ناجائز کی تمیز اٹھ جائے گی اور غیر ملکی مداخلت، اثر و رسوخ نمایاں ہوگا۔ کرپشن اور حصولِ دولت کے لیے ہر قسم کے جرائم میں اضافہ ہوگا۔ کیا گزشتہ ساٹھ سال سے یہی صورت حالات ہمارے سامنے نہیں ہے۔

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
آج کچھ درد میرے دل میں سوا ہوتا ہے

عزیزانِ من! مکمل زائچے کے اثرات و خواص کا بیان بہت طول پکڑ سکتا ہے۔ ہم نے یہ تجزیہ 15 اگست 1947 کے مطابق بنائے گئے زائچے پر اس لئے پیش کیا ہے کہ زائچے کی درستگی کا اندازہ کیا جاسکے۔ ممکن ہے بعض قارئین اس تجزیے کے بعد یہ خیال فرمائیں کہ ہم نے زیادہ تر زائچے کے منفی پہلوؤں پر بات کی ہے۔ کیا اس زائچے میں مثبت پہلو نہیں ہیں؟ یقیناً ہیں اور بہت زیادہ ہیں۔ لیکن ان پر بات کرنے کی ضرورت ہم اس لئے نہیں سمجھتے کہ ان کا فائدہ اسی صورت میں ظاہر ہوسکتا ہے۔ جب اس ملک کے رہنما اور عوام اپنی خوبیوں اور خامیوں کا ادراک کریں۔ خاص طور سے عوام پر زیادہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ رہنمائی کا نعرہ لگانے والے چہروں کی پہچان کرنا سیکھیں۔ خود اپنے مزاج میں حق و انصاف اور جمہوریت پسندی کو پروان چڑھائیں۔ عوامی جمہوری شعور ہی وہ دباؤ ڈال سکتا ہے جو باطل قوتوں کے سامنے سدِ راہ بن سکے۔ (جاری ہے)

بقیہ: کمالاتِ جفر (قدر و منزلت)

اب نقش مسبع 7 x 7 کا پُر کریں گے۔ کل اعداد میں 168 نفی کریں گے۔ باقی بچے تو ایک ہو تو خانہ 43 میں، 2 ہو تو 36، 3 بچے تو 29، اگر 4 بچے تو 522 میں، 5 بچے تو 15 میں اور اگر 6 بچے تو خانہ نمبر 8 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔

کل اعداد: 26943

نفی کیے: 168

3825 = 7 ÷ 26775

چال

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ملک جبرائیل قدوس

۳۸۵۶	۳۸۶۲	۳۸۳۸	۳۸۲۵	۳۸۳۸	۳۸۴۴	۳۸۵۰
۳۸۶۴	۳۸۷۰	۳۸۲۷	۳۸۳۳	۳۸۳۹	۳۸۵۲	۳۸۵۸
۳۸۷۲	۳۸۲۹	۳۸۳۵	۳۸۴۱	۳۸۴۷	۳۸۵۳	۳۸۶۶
۳۸۳۱	۳۸۳۷	۳۸۴۳	۳۸۴۹	۳۸۵۵	۳۸۶۱	۳۸۶۷
۳۸۳۲	۳۸۴۵	۳۸۵۱	۳۸۵۷	۳۸۶۳	۳۸۱۹	۳۸۲۶
۳۸۳۰	۳۸۴۶	۳۸۵۹	۳۸۶۵	۳۸۷۱	۳۸۲۸	۳۸۳۴
۳۸۴۸	۳۸۵۴	۳۸۶۰	۳۸۷۳	۳۸۳۰	۳۸۳۶	۳۸۴۲

عزرائیل


خوشحالی اکبر علی

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

آپ کسی بھی سعد وقت میں یا سعد نظرات و شرف تحویل آفتاب جو بھی مناسب وقت ملے تیار کر سکتے ہیں۔ پھر اسے کام میں لائیں۔ اسماء الٰہیہ اور جفر کا کمال دیکھیں کس طرح سات دن میں آپ کو خوشیاں اور راحتیں دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس عمل کے اثرات سے مستفید ہونے کی توفیق دے۔ (آمین)

بقیہ: شرفِ شمس

بسم اللہ الرحمن الرحیم



طریقہ استعمال: اس لوح کو ساعت شمس میں تیار کریں۔ اگر ایک ساعت شمس میں کام مکمل نہ ہو سکے تو دوسری ساعت میں مکمل کریں۔ اگلے دن علی الصبح ایسے مقام پر جائیں جہاں سے طلوع شمس کا نظارہ ہو سکے اور سورج کے نکلنے سے قبل نقش کو سامنے رکھ کر قرآن پاک سے سورۃ شمس پڑھنا شروع کریں۔ جب سورج مکمل طلوع ہو جائے تو تلاوت ختم کر کے لوح پر دم کریں اور دعا کریں اے خداوند عالم! اس نیرِ اعظم کی طرح مجھے سربلند کر اور جس طرح یہ منبع فیض و نور ہے اسی طرح مجھے بنا دے اور اسی طرح تمام خلقت میں مجھے سربلند کر دے اور خلقت کو مطیع و فرمانبردار بنا (یا جو بھی مقصد شامل کیا گیا ہو) اس دعا کو پڑھ کر لوح کو اپنے پاس رکھیں اور روزانہ 174 مرتبہ بعد از نماز عشاء یا حی یا قیوم پڑھ کر لوح کو دم کرتے رہیں۔ اتنی تاثیر شاید ہی کسی عمل میں ہو جتنی اس میں ہے۔ پھر تماشہ قدرت دیکھیں کہ کس طرح خزانہ غیب سے عروج حاصل ہوگا۔ جوں جوں اسم اعظم پڑھ کر لوح کو دم کرتے رہیں گے۔ اس لوح مبارک کے مؤکلات کام کرنے کے لیے بے چین ہوں گے۔ اگر آپ نے اس بات کی پابندی کر لی تو انشاء اللہ ایک مرتبہ زندگی کا مزہ آ جائے گا۔ ہر کام خواہش کے مطابق ہوتا رہے گا۔

قارئین کرام! اس لوح کے بغیر اجازت لکھنے سے شدید رجعت کے واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ لہٰذا اس لوح سے اچھی طرح مستفید ہونے کے لیے صرف حضرت شاہ زنجانی صاحب یا مجھ فقیر سے اجازت ضرور طلب کریں، کیونکہ لوح انتہائی سریع التاثیر ہے۔